نے کہا کہ اونچ نیچ اور طبقاتی تفریق کے ساتھ ساتھ فرقہ واریت اور مذہبی استحصال کے خاتمے کے لیے ہمیں مل کر جدوجہد کرنی ہوگی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر خورشید محمود قصوری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) قومی سطح پر اقلیتوں کے مسائل کا جائزہ لے رہی ہے اور آئین میں درج اُن کے جائز حقوق کا تحفظ کرنا اُن کی پارٹی کی ذمہ داری ہے۔ کرسچن لبریشن فرنٹ کے صدر کلیمنٹ شہباز بھٹی نے کہا کہ اب اقلیتیں مزید ظلم برداشت نہیں کریں گی۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمارا عقیدہ پاکستانیت اور مذہب انسانیت ہے۔ ایم ایل شاہانی نے کہا کہ پاکستان کی بقاء اور سالمیت اس میں ہے کہ قائد اعظم کا پاکستان بحال کیا جائے۔ پروفیسر مہدی حسن نے کہا کہ پاکستان میں کسی کو اقلیت کہنا ہی انسانیت کی توہین ہے۔ اِس کے علاوہ سسل چودھری نے کہا کہ ملک کی تعمیر اور سلامتی کے لیے اقلیتوں نے بیش بہا قربانیاں دی ہیں، لیکن ان قربانیوں کے باوجود ان کے تشخص کو تسلیم نہیں کیا جاتا۔ اِس کانفرنس میں چاروں صوبوں سے مختلف تنظیموں، اداروں کے نمائندوں، وکلاء، صحافیوں، سیاست دانوں اور نامور شخصیات نے شرکت کی۔ (پندرہ روزہ "کاتھولک نقیب"، لاہور - ۱۶ تا ۳۱ جولائی ۱۹۹۵ء)

قزاقستان: "۔۔۔وہ اصلاً مسیحی مناد ہیں۔"

سابق سوویت یونین کے خاتمے پر وسطی ایشیا کی مسلم ریاستیں یورپی اور امریکی مسیحی تبشیری تنظیموں کی جولاں گاہ بن گئی ہیں۔ نیدرلینڈز کے ریفارمڈ چرچ کو "قزاق" زبان میں بائبل کے ترجمے اور مسیحی تعلیمات کی نشر و اشاعت سے دلچسپی ہے۔ چند ماہ پہلے بائبل کے قزاق ترجمے کے لیے ایک سیمینار منعقد ہوا۔ اس سیمینار کے ذریعے ترجموں اور "مشرق میں روشنی" نام کی تنظیم اور دوسرے مدد گاروں کے درمیان قریبی روابط استوار ہوئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ سوویت عہد کی مذہب مخالف مہم کے دوران میں جو مسیحی اپنا مذہبی تشخص قائم رکھ سکے، اُن کی تعداد کچھ بہت زیادہ نہیں، تاہم الماتی میں زیادہ تر مسیحی آبادی لاس اینجلز کے The Grace Church سے وابستہ ہے اور یہ آبادی پورے جوش و جذبہ اور نظم و ضبط کے ساتھ بائبل تقسیم کرنے میں مصروف ہے۔

قزاقستان میں مغربی دُنیا کے تبشیری اداروں کے کارکن ڈاکٹروں، کاریگروں، سائنس دانوں اور چرچ کے خادموں کی شکل میں کام کر رہے ہیں۔ ولیم راس کنگ امریکی فرم Crown Investment Group. کے چیرمین ہیں اور قزاقستان میں طبی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ ۱۹۹۲ء سے وہاں مقیم ہیں۔ اُن کے بقول وہ قزاقستان اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے درمیان زرعی سرمایہ کاری کے میدان میں تعاون کا جائزہ لے رہے ہیں، مگر "وہ اصلاً مسیحی مناد ہیں اور ضرورت مندوں کی امداد و تعاون کو اپنی زندگی کا فریضہ خیال کرتے ہیں۔"۔ (سنٹرل ایشیا بریف، لیسٹر - مئی ۱۹۹۵ء)